ہمارا تلفّظ

ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان

۱۴۲۰ھ
1999ء

پیراماؤنٹ پرنٹنگ پریس حیدر آباد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَاحۡلُلۡ عُقۡدَۃً مِّنۡ لِّسَانِیۡ ۙ یَفۡقَهُوۡا قَوۡلِیۡ

ہمارا تَلَفُّظ

۔ بحمد اللہ ۱۹۳۶ء میں علی گڑھ سے فارغ ہونے کے بعد مسلسل عزیز طلبہ کا ساتھ رہا اور اُن کی خدمت میری عزّت بنی ۔ الفاظ کی صِحّت پر بھی زور دیا کرتا تھا ۔ کیوں کہ بعض حضرات (بے خیالی میں) لکھتے کچھ ہیں اور بولتے کچھ ہیں ۔ بلکہ عام الفاظ کی صِحّت کا بھی خیال نہیں کرتے ۔ مثلاً السّلام علیکم کو السّلام و علیکم ۔ پھر اس کے ساتھ رحمۃ اللہ و برکاتہ کو و رحمۃ اللہ و برکاتہ لکھتے ہیں ۔ ورحمۃ میں م کے بعد شوشہ لگانا غلط ہے ۔

انشاء اللہ اور ماشاء اللہ کا ہمزہ نہیں لکھتے ۔ سَحَر اور سِحر میں فرق نہیں کرتے ۔ رِفعت ، اِستغفار ۔ شِفا کے پہلے حرف پر زبر پڑھتے ہیں ۔ چناں چہ اس قسم کے الفاظ کے صحیح تَلَفُّظ کی طرف ان کی توجہ مبذول کرانے کی یہ ناچیز کوشش کی جا رہی ہے ۔ ساتھ ہی دوسرے الفاظ بھی شامل ہیں جو مختلف مواقع میں کام آتے ہیں ۔ کہیں کہیں مناسب

اشعار بھی (مثالوں کے لیے) درج کر دیے ہیں۔ پھر بھی فضلائے کرام سے درخواست ہے کہ وہ میری غلطیوں کی اصلاح فرما کر ممنون فرمائیں۔ کیا معلوم کہ :-

ہے آج جو سرگزشت اپنی
کل اُس کی کہانیاں بنیں گی (امیر مینائی)

وما توفیقی الا باللہ ۔ احقر۔ غلام مصطفےٰ خان

آخر میں عرض ہے کہ اس کتاب کے لیے فرہنگِ انندراج ۔ STEINGASS ۔ فرہنگِ کاروان وغیرہ سے مدد لی گئی ہے۔

آپ ـ (۱) تم کے لیے تعظیم سے (۲) خود کے لیے بھی۔ جیسے :۔

کیا کیا فریب دل کو دیے اضطراب میں
اُن کی طرف سے آپ لکھے خط جواب میں (داغ)

آثِم ـ گناہ گار (عاصِم ـ باز رکھنے والا۔ نگاہ رکھنے والا)

آذَر ـ (۱) ایرانی شمسی سال کا پہلا مہینا (۲) آگ (اور بھی معنی ہیں)

آزَر ـ ابراہیم علیہ السلام کے والد (بعض علماء کہتے ہیں کہ وہ چچا تھے) (۱)

آزُقہ ـ کم تنخواہ ـ تھوڑی غذا

آس ٹوٹنا ـ نا امید ہونا

آس ٹوٹی دل ہمارا مر گیا
اپنے اپنے گھر سدھارے ذوق شوق (داغ)

آصَف (ص پر زبر) سلیمان علیہ السلام کے وزیر کا نام

آغا ـ ایران میں آقا کو آغا بولتے ہیں۔ ایران میں ق کو غ۔ مصر میں ق کو ج۔ یمن میں ق کو چ۔ اور حیدر آباد (دکن) میں ق کو خ لیکن خالہ کو قالہ بولتے ہیں۔ (۲)

---

(۱) شعر میں الف حذف ہو سکتا ہے۔ جیسے۔ تری نسبت براہیمیؑ ہو معمارِ جہاں تو ہو
ع ہو حلقۂ یاراں تو بریشم کی طرح نرم
افسردہ کا الف بھی حذف ہو سکتا ہے۔ جیسے۔ فسردہ رکھتا ہے گلچیں کا انتظار اسے

(۲) دکن میں تابع مہمل کے لیے گینی لگاتے ہیں۔ جیسے پانی گینی۔ روٹی گینی۔ ہائے لین میں اشباع جیسے لیمپ کو لیامپ، کیمپ کو کیامپ۔ وہاں ایک لفظ ہے گھاس لیٹ (گیس لائیٹ) مٹی کے تیل کو کہتے ہیں۔

آئِسنہ — جدید عربی میں بن بیاہی لڑکی۔ انگریزی میں MISS
آوا — وہ جگہ جہاں کمھار، مٹی کے برتن پکاتے ہیں۔
غرض عیب اپنے بیاں کیجے کیا کیا کہ بگڑا ہوا یاں ہے آوے کا آوا (حالی)
اَتکہ۔(ترکی)۔ انّا یا دائی کا خاوند
اُتم — (ہندی) اعلیٰ۔ عمدہ
اَتمّ — (عربی) نہایت مکمل
اِتمام — (عربی) پورا کرنا
اِحتیاج۔ ضرورت۔ بے نیازی کی شان کہتی ہے۔ بندگی کی کچھ احتیاج نہیں (داغ)
اَخبار (۱) خبریں (۲) حدیث۔ گر یہ ہیں تو حق اپنا ہے کچھ تجھ پہ زیادہ
اخبار ہیں الطالح لی ہم نے سُنا ہے (حالی)
اَدنیٰ۔ دُنُو سے مشتق ہو تو نزدیک۔ اور دَنائت سے مشتق ہو تو کم رتبہ
اَذِلّہ — (ذلیل کی جمع) کمزور
اَسامی (اسم کی جمع الجمع) نام اشخاص۔ جگہ۔ (اردو میں واحد استعمال ہوتا ہے)
اَسباب — (سبب کی جمع)۔ واحد بھی استعمال ہوتا ہے۔

اے جان نکل کہ مصحفی کا اسباب لدا ہوا کھڑا ہے
شب فراق نے چھوڑا نہ صبر و تاب و شکیب لگی یہ آگ کہ اسباب سب جلا دل کا
(ممنون)

اِستغفار (مؤنث بھی)۔ ہوا ہے اس قدر مغرور اپنے زہد پر زاہد
یہ توبہ توبہ کیسی ہے؟ یہ استغفار کیسی ہے؟
(داغ)

اَصلاً - ہرگز — NEVER

اُصول ۔ اصل کی جمع ۔ لیکن عموماً واحد استعمال ہونے لگا ہے ۔

اَصیل ۔ اچھے خاندان کا ۔ اچھے لوہے کی تلوار ۔ گھر کی ماما ۔

اَعرابی ۔ صحرانشیں ۔ بدّو

اعظم (بہت بڑا) ۔ عظیم (بڑا)

اعلیٰ ۔ (بہت اونچا) ۔ عالی (اونچا) ۔ علی (اونچا ۔ بلند)

اَغلب ۔ بہت ممکن ۔ (اغلباً صحیح نہیں) ۔ غالباً صحیح ہے ۔

اِکسیر ۔ (الف میں زیر)

اِلّا ماشاءاللہ ۔ مگر جو اللہ چاہے ۔ (شا کے بعد ہمزہ ضروری ہے)

اِلتفات ۔ جھکانا ۔ توجہ کرنا ۔ (اسی سے اُلفت)

اُس بے وفا کو مجھ سے اب الفت نہیں رہی

الفت تو درکنار، محبّت نہیں رہی (رند)

اُلُش ۔ بڑوں سے بچی ہوئی کھانے پینے کی کوئی چیز ۔

اَلِف = حروفِ تہجّی کا پہلا حرف

لمبے زخم کے لیے استعارۃً بولا جاتا ہے ۔

اکبر بادشاہ کے انتقال (۱۰۱۴ھ) پر کسی نے یہ تاریخ کہی تھی :-

ع اَلِف کشیدہ ملائک زفوتِ اکبر شاہ

" فوتِ اکبر شاہ " کے اعداد ۱۰۱۵ ہوتے ہیں ۔ ان میں سے اَلِف

(ایک) نکال دیں تو ۱۰۱۴ھ بن جاتا ہے ۔

اَلَف = ہزار (عدد)

اَلقاب ۔ لَقَب کی جمع ۔ واحد اور جمع دونوں استعمال

ہوتے ہیں :-

وحشی و بے خبر و خانہ خراب و گم نام
خطِ تقدیر میں لکھّا ہے یہ القاب اپنا (منیر شکوہ آبادی)

اِن شآء اللہ (اگر اللہ چاہے)
بہت سے پڑھے لکھے لوگ ان شآء اللہ اور ماشاء اللہ میں ہمزہ نہیں لکھتے۔ وہ غلط ہے۔ (شا کے بعد ہمزہ ضروری ہے).

اَوْلیٰ ۔ بہتر ۔ بہت اچھا ۔
اُوْلیٰ ۔ (اوّل کی تانیث) پہلی ۔
آہل ۔ رہنے والا ۔ گھر کے لوگ ۔ لائق
(اہل جب رہنے والے کے معنی میں استعمال ہو تو جمع میں بھی اہل کہنا چاہیے)

ایجابی ۔ (منفی کی ضد) مثبت ۔
Affirmative, Positive

بارِ خدا ۔ سب کو پھل دینے والا ۔ خدا
موسیٰ نے یہ کی عرض کہ اے بارِ خدا
مقبول ترا کون ہے بندوں میں سوا (حالی)

بارے ۔ آخر کار ۔ الغرض
بارے دنیا میں رہو غمزدہ، یا شاد رہو
ایسا کچھ کر کے چلو یاں کہ بہت یاد رہو (میر)

بال (BALL) مجلسِ رقص
کیسی نماز، بال میں ناچو جنابِ شیخ
تم کو خبر نہیں کہ زمانہ بدل گیا (اکبر)

بالمشافہہ ۔ (دو بدو) سامنے

بالمواجہہ ۔ (دو بدو) سامنے ۔ موجودگی میں

بَدرقہ ۔ راہ نما ۔ محافظ

بَرایا (بَریّہ کی جمع) ۔ خلقِ خدا

بَرَکت ۔ زاہدوں کو بَرَکت کا ہے مہینا رمضاں

فاقے کرتے ہیں مگر کب یہ بھرم دیتے ہیں (داغ)

بِشارت ۔ (ب کے زیر سے صحیح ہے، زَبَر صحیح نہیں) خوش خبری

بُشرہ ۔ چہرے کی ظاہری حالت ۔

بَعثت ۔ (ب پر زَبَر) صرف رسالت کے لیے بولا جاتا ہے

بَعَینہٖ ۔ (ب پر زَبَر) ۔ بالکل اسی طرح

بِنصر ۔ چھنگلی کے پاس کی اُنگلی

بَوکھلاہٹ ۔ (ب پر زَبَر) ۔ گھبراہٹ ۔ پریشانی

بھاگوان ۔ خوش قسمت ۔ (بھگوان ۔ خدا)

بہرام گور ۔ ایران کا ایک بادشاہ جو گورخر کے شکار کا شائق تھا۔

بہشت (مذکّر) داغ کہتے ہیں:۔

عشق کے کوچے نے ہم کو وہ دکھایا ہے بہشت

حضرتِ آدم نے جو دیکھا نہ اپنی یاد میں

بے مُحابا (م پر پیش) مُحابا دراصل مُحابات ہے ۔ بے دھڑک

بیگم ۔ دراصل بیگم تھا ۔ اب گ پر زَبَر بولتے ہیں

پاورق = صفحے کے نیچے دوسرے صفحے کا پہلا لفظ

پایۂ تخت۔ عموماً پایۂ تخت لکھا جاتا ہے جو صحیح نہیں

برسہا برس صحیح نہیں ہے۔ برس ہندی لفظ ہے اس میں فارسی کی علامت جمع (ہا) لگانا صحیح نہیں۔ سالہا سال صحیح ہوگا۔

پتا کو پتہ لکھنا صحیح نہیں۔ ہندی الفاظ کے آخر میں ہ نہیں ہے جسے ہائے مختفی کہتے ہیں۔ ٹھیکا۔ پٹاخا۔ گھونسا۔ مُکّا۔ وغیرہ ہندی الفاظ کے آخر میں ہائے مختفی صحیح نہیں۔ الف لکھنا چاہیے۔

پیار (فاع کے وزن پر ہے)

تأثّر۔ اثر قبول کرنا۔ اثر ہونا

تاثیر۔ اثر کرنا

تادیب۔ ادب سکھانا

تألُّف۔ باہم اُلفت کرنا

تالیف۔ اُلفت ڈالنا۔ دل جوئی کرنا

تانے تشنے (طعن و تشنیع سے بگڑے ہوئے الفاظ ہیں)

تایا۔ (بڑے ابّا کو کہتے ہیں) لیکن مولانا ابوالحسن زید فاروقیؒ۔ مقاماتِ خیر (دہلی ۱۹۷۲ء۔ صفحہ ۱۰۸) میں لکھتے ہیں کہ "ایک دن اس عاجز کی زبان سے حضرت شاہ محمد معصومؒ کے لیے تایا کا لفظ نکلا۔ آپ (والد صاحب) نے فرمایا، "میاں یہ گنّواری لفظ کیوں بولتے ہو"۔ عاجز نے کہا کہ والد کے بڑے بھائی کو پھر کیا کہیں؟ آپ نے فرمایا "ہماری دلی والے، بڑے ابّا۔ یا چچا ابّا۔ یا چچا میاں کہتے ہیں۔ تم کیوں نہیں چچا حضرت کہتے"۔

تدبیر۔ چارہ۔ طریقہ، (کئی معنی ہیں)۔ عواقب پر نظر کرنا۔

یہ بھی حسرت کوئی تدبیرِ سکوں ہے؟ کیا خوب!
دلِ بے تاب سے کہتے ہو انھیں یاد نہ کر

تسبیحِ سلیمانی۔ قدرتی طور پر کالپی (لکھنؤ) اور للکھنا دون (یو.پی) وغیرہ میں ایسے تسبیح کے دانے ملتے ہیں جن کا آدھا حصّہ سفید اور آدھا حصّہ سیاہ ہوتا ہے۔ اور سب میں سوراخ بھی بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ بلکہ امام والا دانہ اور تقسیمی دانے بھی سوراخ والے وہاں ملتے ہیں۔ سودا کے ایک قصیدے کا شعر ہے:-

ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی
نہ چھوٹی شیخ سے زنّارِ تسبیحِ سلیمانی

تجرِبہ۔ تخرِجہ۔ تذکِرہ۔ تجِمیہ۔ وغیرہ کے تیسرے حرف میں زیر ہے۔

تغییر — کچھ ایسی رہی میری تغییرِ حال
وہ سوچا کیے دیکھ کر دیر تک (داغ)

تکیہ کلام۔ تکیۂ کلام دونوں صحیح ہیں

تماشا۔ (عربی میں تماشی ہے۔ یعنی پیدل چلنا۔ مل کر چلنا)۔ فارسی اور اردو میں اس کے معنی میں ترمیم ہوگئی ہے۔

اے تماشا گاہ عالم روے تو — تو کجا بہر تماشا می روی (سعدیؒ)

دیکھنے کے لیے آتا ہے زمانہ اس کو — اک تماشا ہی مسافر بھی سفر سے پہلے
(احسن مارہروی)

تمیز (دراصل تمئیز تھا)۔ داغ نے کہا ہے:-

اپنی آنکھوں میں سمایا ہے کچھ ایسا جلوہ
نہیں تمیز بری ہوتی ہے صورت کیسی؟

تنّور (ن مشدّد) ۔ اردو میں تنور اور تندور بولنے لگے ہیں ۔

تودہ ۔ ڈھیر) غالباً طَود سے بنا ہے ۔ (کالطودِ العظیم)

توزک ۔ توشک ۔ کوشک ۔ ترکی الفاظ ہیں جن میں پیش کے لیے داو
استعمال ہوتا ہے ۔

تیمور دراصل TIMUR ، تمُر ہے

تِھر بِھر ہو جانا ۔ پریشان ہو جانا ۔

آج اُن کے بھید اس صورت میں ظاہر ہو گئے
غیر کا مذکور آیا تھا کہ تِھر بِھر ہو گئے (داغ)

تہمد (تہ بند) ۔ انشائے داغ میں تہمد کو بھی صحیح کہا گیا ہے ۔

تیز پات ۔ دراصل تج پات ہے ۔ دارچینی کو تج کہتے ہیں ۔

ٹُٹ پُنجیا ۔ کم مایہ

مدّت ہوئی کہ نقدِ دل و جاں لگا چکے
یوسف کو ہم خرید کے ٹُٹ پُنجیا ہوئے
(منیر شکوہ آبادی)

ٹوک (ٹکڑا ۔ حصّہ) واو معروف سے داغ نے لکھا ہے :۔

کل کچھ طبیعت اپنی جو مشکوک ہو گئی
آج ان سے دو ہی باتوں میں دو ٹوک ہو گئی

ٹھیرنا ۔ ٹھہرنا (دونوں صحیح ہیں) ۔

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
اب ٹھیرتی ہے دیکھیے جا کر نظر کہاں (حالی)

تیرِ نگاہِ یار کا مشکل ہے سامنا
میرا ہی تھا جگر کہ مقابل ٹھہر گیا (داغ)

ٹینی۔ چھوٹے قد کی مُرغی۔ غالباً TINY سے بنا ہے۔
ماں ہے ٹینی باپ کُلنگ دیکھو بچّے رنگ برنگ

جُبّہ۔ لمبا کوٹ

جُبہَہ۔ پیشانی (اسی طرح شُبہَہ۔ دو ہ)

جَدّ۔ دادا

جِدّوجُہد۔ جِدّوجہد۔ جِدّوکُد (بہت کوشش۔ سنجیدگی)

جِزیہ (ج میں زیر)

جَلوت (ج پر زبر) اسی طرح خَلوت (خ پر زبر)

جُمادی الاولی۔ جُمادی الاُخری۔ جُمادی الآخرہ (ج پر پیش)

جُمعہ (م پر بھی پیش ہے۔ لیکن اُس پر جزم بولتے ہیں)۔

جَمَل۔ اونٹ

جُمَل۔ جُملہ کی جمع۔ ابجدی حروف کے اعداد کا حساب

جِنّات۔ (جن کی جمع)۔ بعض لوگ اس جمع کے لیے اَجِنّہ بولتے ہیں
جو غلط ہے۔ اُس کے دوسرے معنی ہیں

جَنّات۔ (جنّت کی جمع)

جَوَاد۔ (واو پر تشدید نہیں ہے)

جَہالت۔ (ج پر زبر ہے۔ زیر صحیح نہیں)

جھینکنا۔ شکایت کرنا۔ رونا۔ دل میں نے لگایا ہے مگر دیکھیے کیا ہو
سب جھینکتے ہیں اپنے پرائے مرے آگے (داغ)

جیّد ۔ سیّد ۔ میّت وغیرہ میں یؔ میں زیر چاہیے ۔ لیکن عموماً
اس پر زَبَر بولتے ہیں ۔

جُیش (جُیُوش) ۔ لشکر ۔
جنگِ بدر میں جیش (ابجدی اعداد ۳۱۳ ہوتے ہیں)

چارا ۔ مویشیوں کی خوراک

چارہ ۔ علاج ۔ تدبیر

چپراسی ۔ اردلی ۔ جس کے بائیں مونڈھے سے داہنی طرف چوڑی دھجّی
یا پٹّا لٹکا ہوا ہوتا ہے ۔ چپ و راست سے بنا ہے

چرچا ۔ شہرت ۔ ذکر
کیا کہا؟ کن نے کہا؟ کن سی کہا؟ کب؟ کس گھڑی؟
کس جگہ؟ کس وقت؟ کس دم آپ کا چرچا کیا (انشا)

چمپا اور موتیا کو داغ نے مؤنث لکھا ہے :-
دل کی لگی نہ تجھ سے کبھی اے صبا کھلی
چمپا کھلی، گلاب کھلا، موتیا کھلی

چِہل ۔ چہل ۔ چالیس ۔
عمر کی پختگی چالیس سال میں ہوتی ہے جیسا کہ سورۃ الاحقاف (۱۵) میں
ذکر آتا ہے ۔ حضرت سعدیؒ بھی کہتے ہیں :-
چہل سال عمرِ عزیزت گذشت مزاجِ تو از حالِ طفلی نہ گشت

حاشا و کلّا ۔ ہرگز نہیں

حرارتِ غریزی (غریزی کو بعض لوگ غلطی سے عزیزی بولتے ہیں ۔)

غریزی ۔ اصلی، طبعی انسان کے جسم کی گرمی جس سے وہ زندہ رہتا ہے ۔

حَرَج ۔ اب عموماً ہَرَج بولتے ہیں ۔ پھر ہَرَج مرج بھی ہے ۔

حَسَب ۔ نسل ۔ خاندان

حَسْب ۔ بموجب ۔ مطابق

حَقارت ۔ نفرت

حَیص بَیص ۔ حجّت ۔ تکرار

حَیَوان ۔ اس کو عموماً حَیوان بولتے ہیں

خاتَم ۔ مُہر، انگوٹھی

خاتِم ۔ ختم کرنے والا ۔ اس معنی میں بعض کے نزدیک ت پر زبر صحیح ہے اسی لیے حضور انور صلّی اللہ علیہ وسلّم کو خاتم النّبیین (آخری نبی) اور نبیوں پر مُہر ۔ یعنی آخری (دونوں طرح) کہنا لُغت کے مطابق صحیح ہے ۔

خار ۔ کانٹا ۔ (اسی سے خار کھانا بمعنی حسد کرنا)

خارجی ۔ باہر والا ۔ اسی سے وہ فرقہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلاف تھا اور اُسی کے ایک شخص نے اُن کو شہید کیا ۔

خارِق ۔ ٹکڑے کرنے والا ۔ (خارق عادت یعنی خلافِ عادت)

خاصا (۱) اچھا (۲) ایک باریک سوتی کپڑا (۳) خاص سواری کا گھوڑا

خاصہ (۱) بہتر (۲) امیروں کے لائق کھانا ۔

خاصّہ (۱) خاصیت ۔ (۲) خصوصاً

خالصہ (۱) سرکاری زمین جس میں کسی کا حق نہ ہو (۲) سکھ سردار
سکھ فوج

خانقاہ ۔ (خان گاہ سے معرّب) صوفیوں کے رہنے کی جگہ

خاوَر ۔ مشرق (لیکن اصل میں مغرب کے معنی میں تھا)

خاوَند ۔ واو پر زبر ۔ اب زیر بولتے ہیں) معرب ۔ آقا ۔ شوہر

خَبر (۱) اطلاع ۔(۲) حدیث

خداوند ۔ (وند، مثل کے معنی میں) ۔ خداوند سے امالہ کرکے خدیوند
بنایا اور خدیوند سے مخفّف خدیو (مصر کے بادشاہوں کا لقب)

خدشہ ۔ زخم کا نشان ۔ خراش (اردو میں وسوسہ)

خُربوزہ ، خربُزہ (دونوں صحیح ہیں)

خُرد ۔ چھوٹا ۔ لیکن چھوٹے کے لیے خورد لکھنے لگے ہیں ۔ ورنہ
خورد کے معنی (۱) خوراک (۲) خورشید کا مخفّف

خِزاں ۔ پت جھڑ کا موسم

خِزانہ ۔ (خ کے نیچے زیر) ۔ عام طور پر خَ پر زبر بولتے ہیں ۔
خزینہ میں خ پر زبر ہوگا ۔

خُسُوف ۔ چاندگرہن ۔ دیکھیں کسُوف

خُسرَو (زیر زبر)

خُشونت ۔ سختی ۔ خصومت ۔ دشمنی

خِضَر ۔ خِضر دونوں صحیح ہیں

کیا کیا خضر نے سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی (غالب)

اے ذوق کسی ہمدمِ دیرینہ سے ملنا
بہتر ہے ملاقاتِ مسیحا و خضر سے

خَضرا ۔ سبز (سبز گنبد)

خط ۔ طرزِ تحریر، چِٹھّی، لکیر، مونچھ ڈاڑھی کے اُگنے کا نشان

خط و خال ۔ چہرے کے نقش، بعض کے نزدیک خد و خال ہے

خطِ نستعلیق ۔ خطِ نسخ (عربی) سے تعلق رکھنے والا خط ۔ یعنی ایرانی خط

خَطائی (نان) شہر خطا (خُتَن) سے تعلّق رکھنے والی روٹی

خَفَقان ۔ دل کا دھڑکنا

تم کہاں، غیر کہاں، جھوٹ، غلط، محض دروغ
خفقان ہے، یہ جنوں ہے، یہ توہّم مجھ کو (داغ)

خِلعَت ۔ عزّت افزائی کے لیے پوشاک

خَلقَت ۔ لوگ

خِلقَت ۔ پیدائش ۔ فطرت (خِلعت میں بھی خ میں زیر ہے)

خَلوَت ۔ تنہائی

خُمس ۔ پانچ

خُمس ۔ پانچواں

خَنّا ۔ فضول بات

خُنّا ۔ بے وقوف مرد (خُنّی ۔ بے وقوف عورت)

خِنصَر ۔ چھنگلی (۱)

---

(۱) چھنگلی ۔ (خِنصَر) اس کے ساتھ کی انگلی (بِنصَر) درمیانی اُنگلی (وسطیٰ) کلمہ والی انگلی (سبّابہ) انگوٹھا (ابہام)

خور ۔ (۱) خورشید کا مخفف (۲) خورد (خوراک) کا مُخفّف

خَیال ۔ عربی میں خ پر زبر ہے ۔ فارسی اردو میں خ میں زیر بھی بولتے ہیں

خِیام ۔ خیمہ کی جمع

خِیفا = ایسی عبارت جس میں ایک لفظ نُقطوں والا ہو اور دوسرا بغیر نُقطوں کا ۔ جیسے جُنبشِ روح (دیکھیں رقطا)

دانْو صحیح ہے ۔ داؤں غلط ہے

داؤد ۔ داؤد نہیں ۔ (واو پر اُلٹا پیش ہے)

دائم المرض ۔ صحیح ہے ۔ دائم المریض غلط ہے ۔

دِباغت ۔ چمڑا رنگنا

دراز ۔ Drawer کا بگڑا ہوا لفظ ہے ۔ صندوق یا میز کا خانہ

دُرد ۔ تلچھٹ (دُردی بھی بولتے ہیں)

دَرویش ۔ غالباً درویز ۔ درآویز سے بنایا ہے ۔ دروازے پر لٹکنے والا ۔ (۱) فقیر اور (۲) خدا رسیدہ بھی

دُزدِ حِنا ۔ وہ سفیدی جو مہندی لگانے میں چھوٹ جاتی ہے

دُستور ۔ آئین، قاعدہ (دال پر پیش ۔ لیکن عموماً زبر بولتے ہیں)

دُعاء ۔ (اب عموماً دُعا لکھتے ہیں)

دَعویٰ ۔ مطالبہ ۔ (دعوہ لکھنا غلط ہے)

دُکان کو دوکان لکھنا غلط ہے ۔ فارسی میں دُکّان (ک مشدّد) بھی مستعمل ہے ۔

دلمہ ۔ نیا پنیر

دُلمہ ۔ وہ سالن جس میں بینگن یا گاجر کے اندر قیمہ وغیرہ ہو

دولھا ۔ ل اور ھ مخلوط ہیں (بروزن چولھا)

دِمِشق (دال اور میم میں زیر ہے)

ڈِینگ لینا ۔ شیخی مارنا

دُھنواں، کُنواں دوسرا حرف نون مخلوطی)

دیباچہ ۔ اصل میں دیباجہ تھا یعنی چہرہ ۔ کتاب کا چہرہ (مقدمہ)

دَیہیم ۔ شاہی تاج

ڈُگر ڈُگر کرنا ۔ صاف نظر نہ آنا ۔ (کمزوری سے آنکھوں کا بار بار کُھلنا اور بند ہونا)

ضعف سے کچھ نظر نہیں آتا
کر رہی ہیں ڈُگر ڈُگر آنکھیں (داغ)

ڈھاڑیں مار کر رونا ۔ چلّا چلّا کر رونا (دھاڑیں بھی صحیح ہے)

ذَبح ۔ گلا کاٹنا ۔ ذِبح (جانور ذَبح کیا جانے والا)

ذرا ۔ کچھ ۔ "ذرا سُنیے گا" میں ذرا (ازراہِ کرم کی رعایت رکھتا ہے)

قدماء کے یہاں ذرّہ لکھتے تھے ۔ رنگین کا مصرع ہے:

ع ذرّہ اس تاگے کو تو دینا ہلا

ذِکر (اصل معنی یاد دلانا) ۔ بیان ۔ چرچا ۔ (اللہ کی یاد)

ذَکی ۔ تیز فہم ۔ (زَکی ۔ پاک ۔ نیک)

ذلیل ۔ خوار ۔ تھوڑا (جمع اَذِلّہ)

ذِمّی ۔ وہ غیر مسلم جو مسلم حکومت کی رعایا ہو اور اُس کی حفاظت کا ذمّہ مسلم حکومت پر ہو ۔

ذو ۔ والا ، مالک

ذُوالجلال ۔ بزرگی والا (اللہ تعالیٰ)

ذُوالجَناح ۔ پَر والا ۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا گھوڑا

ذوالحِجّہ ۔ (ح میں زیر) مسلمانوں کا بارہواں مہینا

ذوالفَقار ۔ (ف پر زبر) حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تلوار

ذوالقَرنَین ۔ دو سینگوں یا دو گیسوؤں والے (سکندر)

ذوالقِعدہ (مسلمانوں کا گیارہواں مہینا)

ذوالنُّورَین ۔ دو نور والے ۔ یعنی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بیٹیاں (یکے بعد دیگرے) اُن کے نکاح میں تھیں ۔

ذومعنی ۔ (اصل میں ذو مَعنَیَین تھا) دو معنی والا

ذوات (ذات کی جمع) خواتین

ذِہانت (ذال میں زیر) سمجھ کی تیزی

راحل ۔ کوچ کرنے والا

راحلہ ۔ سواری کا جانور

راحیل ۔ Rachel یعقوب علیہ السلام کی اہلیہ (راعیل ۔ زلیخا)

راستہ ۔ راہ ۔ طریقہ ۔ (لکھنؤ میں راستہ اور دہلی میں عموماً رستہ بولتے ہیں)

رام کہانی ۔ لمبی چوڑی کہانی ۔

جب سے دلِ زندہ تو نے ہم کو چھوڑا
ہم نے بھی تری رام کہانی چھوڑی (حالی)

راہ پر لانا ۔ صحیح راہ دکھلانا

تہذیب کے خلاف ہے جو لائے راہ پر
اب شاعری وہ ہے جو اُبھارے گناہ پر (اکبر)

رائیگاں ۔ راہ پر پڑی ہوئی چیز ۔ فضول ۔ ضائع

رُب ۔ گاڑھا کیا ہوا شربت

رَباب ۔ ایک قسم کی سارنگی

رُباط ۔ سرائے ۔ مسافر خانہ

رِباط ۔ بندھن باندھنا ۔

رَجعت ۔ (را پر زبر) ۔ واپسی

رَجعتِ قہقری (قہقری نہیں ۔ قہقری تھا) ۔ اُلٹے پاؤں واپس ہونا ۔

رَدّ ۔ پھیر دینا ۔ جھٹلانا ۔

رَدی (دال پر تشدید نہیں ہے ۔ لیکن عموماً تشدید کے ساتھ بولتے ہیں)

رَذالت ۔ کمینہ پن (را پر زبر) ۔ بعض لوگ ذال کے بجائے ز لکھتے ہیں ۔ وہ غلط ہے)

رَشحات (رَشحہ کی جمع) ۔ قطرے

رِضا (رے میں زیر ۔ عموماً زبر بولتے ہیں)

رَعایا (رے پر زبر ۔ لیکن عموماً رے میں زیر بولتے ہیں) رعیّت کی جمع

رَفاقت ۔ (رے پر زبر) دوستی (رَقابت ، مخالفت ۔ محبت میں شرکت)

رِفعت (رِ میں زیر) - بلندی

رَقطا - ایسے الفاظ جن کا ایک حرف نقطے والا ہو اور دوسرا بغیر نقطے کا - جیسے زلفِ سیہ

رَواج (رَ پر زبر - لیکن عموماً رِ میں زیر بولتے ہیں)

رِوایت (رِ میں زیر صحیح ہے)

روح و رواں - مولانا احسن مارہرویؒ نے علی گڑھ کے انٹرمیڈیٹ کالج میگزین (بابت اکتوبر ۱۹۳۰ء) میں ایک قطعہ تاریخ کے متعلق لکھا تھا: (جس میں روحِ رواں نظم ہوا تھا)

"آج کل عمرِ رواں اور آبِ رواں کی ترکیب بھی بکثرت تحریروں میں دیکھی جاتی ہے۔ میری تحقیقات میں روح نہ عمر کی مترادف ہے نہ وہ ہر وقت پانی یا عمر کی طرح رواں رہتی ہے، بلکہ اُس کی روانی کا اطلاق صرف مرنے پر ہوسکتا ہے۔ چناں چہ اس معنی میں یہاں یہ ترکیبِ توصیفی روحِ رواں کہا گیا ہے۔ ورنہ عموماً روح و رواں، عطفِ تفسیری کے ساتھ لکھنا چاہیے۔ جیسے رنج و غم، عیش و نشاط وغیرہ"

رَہبانیت - (رَ پر زبر) ترکِ دنیا

رِیا - رِیاکاری = دِکھاوا -

وہ ریا جس پر تھے زاہد طعنہ زن
پہلے عادت پھر عبادت بن گئی
(مجذوب لکھنوی)

زَچہ (عموماً زچّہ بولتے ہیں)

زَحمت (زَ پر زبر)

زُمُرَّد - (زُ پر پیش اور زبر دونوں صحیح)

زِندقہ ۔ بے دینی ۔ کُفر

زُہر ۔ زَ پر زُبر ۔ عموماً زَ میں زیر بولتے ہیں)

زِنہار (زِنہار بھی)

ساچق ۔ وہ سامان جو برات سے پہلے دولھا کے یہاں سے دُلھن کے یہاں جاتا ہے ۔

سالہاسال (بعض لوگ برسہابرس بولتے ہیں ۔ وہ غلط ہے ۔ برس ہندی لفظ ہے اُس میں ہا فارسی جمع کے لیے نہیں چاہیے)

سان وگمان ۔ وہم وخیال (بعض لوگ شان وگمان بولتے ہیں وہ غلط ہے)

سائیس (گھوڑے کی خدمت کے لیے ملازم) ۔ صحیح لفظ سائس ہے ۔ لیکن اب عموماً سائیس بولتے ہیں ۔

سَبّ ۔ کسی کی توہین کی بات ۔ سبّ وشتم (بُرا بھلا کہنا)

سُبحہ (س پر پیش) تسبیح

سِپاس ۔ کسی کی تعریف یا شکریہ

ستارہ پیشانی ۔ وہ گھوڑا جس کی پیشانی پر سفید داغ ہو ۔ وہ منحوس سمجھا جاتا ہے ۔

سَجّادہ ۔ مَسند ۔ مُصلّیٰ

سَجدہ ۔ (س پر زَبر)

سِجّیل ۔ (سنگِ گِل سے معرّب) پتھر اور مٹّی مِلا کر مضبوط مٹّی بنائی جاتی ہے۔

سَحَر (صبح) س ۔ ح دونوں پر زَبر

وہ سحر جس سے لرزتا ہے شبستانِ وجود ہوتی ہے بندۂ مومن کی اذاں سے پیدا (اقبال)

سِحر ۔ جادو

سَحور (رمضان شریف کی سحری)

سُخط ۔ سُخُط، سَخَط = گرمی ۔ غصّہ (ممکن ہو کہ اسی سے سخت بنایا ہو)

سُخن ۔ سُخَن (دونوں صحیح ہیں)

سَر ۔ سِر (دونوں بولتے ہیں۔ سَر زیادہ عام ہے)

سَطوَت ۔ (س پر زبر ہے)

سَعیٔ ۔ دوڑنا۔ کوشش (صفا اور مروہ کے درمیان تیز چلنا)

سَعیِ لاحاصل ۔ ایسی کوشش جس سے کچھ حاصل نہ ہو

سَفوف (س پر زبر)۔ پِسی ہوئی چیز۔

سَقاوَہ (صحیح لفظ سِقایَہ ہے۔ پانی کا خزانہ)

سِکنجبین (سِک یعنی سرکہ اور انجبین۔ یعنی شہد سے ملا کر دوا بنائی جاتی ہے۔ اسی طرح تُرنجبین ہے۔ تُرنج یعنی نیبو اور شہد ملا کر بناتے ہیں)

سِلاح (س میں زیر) ہتھیار (جمع اَسلِحَہ)

سِلَح ۔ ہتھیار

سَلَخ ۔ قمری مہینے کا آخری دن

سَلَسُ البَول ۔ قطرہ قطرہ پیشاب آنا

سَلَف ۔ گزرا ہوا

سُلف ۔ سامان ۔ سودا سُلف بولتے ہیں

سُلفا ۔ وہ تمباکو جو چلم میں ڈالتے ہیں۔

سَلمیٰ ۔ عربی ادب میں ایک محبوبہ ۔ سُلیمیٰ اسی سے اسم تصغیر ہے۔

سُلوا ۔ سُلویٰ ۔ ایک قسم کی بٹیر

سُلوک ۔ (عموماً سُلوک بولتے ہیں) راستہ چلنا ۔ برتاؤ

سَمُّ الفار ۔ سنکھیا ۔ سَم ۔ سوئی کا سوراخ

سَم (ہندی میں) تال ۔ سُر ۔ برابر ۔ ہم وزن

سَماع ۔ سُننا ۔ (سماع راگ سُننا)

سَمْت ۔ (س پر زبر ۔ عموماً س میں زیر بولتے ہیں) طرف ۔ جانب ۔

سَمْع (س پر زبر ۔ م پر جزم) ۔ سُننا ۔ کان

سَمُوم ۔ گرم اور زہریلی ہَوا

سُمُوم سَم ۔ (زہر) کی جمع

سواد (۱) سیاہی (۲) سیاہ نقطہ جو دل پر ہوتا ہے ۔ (۳) اطراف ۔

(۴) ذہن ۔ مُلکہ ۔

سَوادِ اعظم = بڑی تعداد

سِوار ۔ کنگن ۔ (جمع اَساوِرُ)

سُوال (س پر پیش ۔ لیکن اردو میں س پر زبر بولتے ہیں)

سُہولت ۔ (پیش کے ساتھ)

شبِ براءت (عربی) ۔ براءت (گناہوں سے چھٹکارے کی رات)

برات (فارسی) حصّہ روزی ۔ قسمت

شُبُہہ (شک)

وہ بُرائی سے بھی گو غیر کا مذکور کریں

بدگمانی مجھے بے شُبہہ وشک ہوتی ہے

(داغ)

شُجاع (شُ پر پیش۔ لیکن شَجاعت میں شَ پر زبر ہو گا)
شَطحیات (شَطح کی جمع)۔ شریعت کے خلاف بکواس
شَعبَدہ (شَ پر زبر۔ اب عموماً پیش بولنے لگے ہیں) کرتب
شُغُل۔ (شُ اور غُ پر پیش)
شِفا۔ صحت۔ (شِ میں زیر)
شَفقَتُ (ف پر زبر ہے لیکن عموماً جزم پڑھتے ہیں)
شَکَر۔ شُکّر (دونوں صحیح)۔ مقلوبِ مستوی [1] میں ہے:

شکّر بترازوے وزارت برکش



شِکیب (یائے مجہول)۔ (شِکیبیدن سے)
شَکیل۔ خوب صورت (لیکن یہ معنی صرف اردو میں ہیں)
شَماتَت۔ کسی کے نقصان پر خوش ہونا
شَمال۔ NORTH (شَ پر زبر)
شِمال۔ بایاں ہاتھ۔ بائیں طرف (شِ میں زیر)
شَمائل۔ عادتیں
شَملہ۔ پگڑی کا سرا جو باہر کو نکلا ہوا ہوتا ہے
شَمّہ۔ تھوڑی سی بُو۔ تھوڑی مقدار (شَ پر زبر)

---

[1] مقلوبِ مُستوی، قوامی مسطرزی کا زیادہ بڑا ہے۔ آگے آئے گا

شِمّہ ۔ مُلاقی ۔ بالائی ۔ (ش میں زِیر)

شُوب (واو مجہول) (۱) روشنائی کی مقدار جو قلم کے ساتھ ایک دفعہ لگ جائے (۲) دُھلائی

شبنم سے شبِ ہجر کی ظلمت نہیں جاتی
سَو شوب پڑیں تو بھی یہ رنگت نہیں جاتی (داغ)

شوربا ۔ شور (بمعنی نمکین) با (بمعنی کھانا) ۔ نمکین کھانا ۔

شور بور ۔ (دہلی میں) ۔ شرابور (لکھنؤ میں)

شِہاب ۔ روشن ستارہ

شَہاب ۔ گہرا سرخ رنگ

شُہر ۔ آبادی (فارسی میں) ۔ مہینا (عربی میں)

صابون (عربی) ۔ اردو میں صابن بولتے ہیں ۔

صاحِب ۔ ساتھی ۔ مرکب ہو تو ب کا زیر حذف کرنا فصیح ہے ۔

کس کو یہ دیکھا کر مرے دل کی آنکھ
قبلۂ صاحب نظراں ہوگئی (حسرت)

صافورا ۔ موسیٰ علیہ السلام کی اہلیہ ۔ ZIPPORAH

صافہ ۔ اردو میں، عمامہ کے لیے بولتے ہیں)

صِحاحِ سِتّہ ۔ حدیث کی صحیح چھ ۶ کتابیں ۔ بخاری، مُسلم ۔ ابو داؤد ۔ ترمذی، نسائی ۔ ابن ماجہ

صَدور ۔ جاری ہونا

صُدُور ۔ صدر کی جمع

صَدِیق ۔ دوست

صِدّیق ۔ نہایت سچّا

صُراح ۔ کھُلی صاف بات (عربی کی مشہور لُغت)

صَعوبت ۔ مصیبت

صِفوَت ۔ برگزیدہ ہونا

صَلا ۔ کھانے کے لیے بُلانا ۔ دعوت ۔ بُلاوا

صِلا ۔ آگ کا جلنا ۔ بھُنا ہُوا گوشت

صِلۂ رِحمی ۔ قرابت داری ۔ رشتہ داروں سے تعلقات جوڑے رکھنا ۔

صَنادید ۔ صندید کی جمع ۔ سردار ۔ بزرگ

صُندُوق (ص پر پیش ۔ لیکن اردو میں زَبر رائج ہے)

صَنعت ۔ (ص پر زَبر) کاری گری

صِیانت (ص پر زبر) نگہبانی ۔ حفاظت

ضُغطہ ۔ سختی ۔ تنگی (اردو میں ض پر زبر مستعمل ہے)

ضِیقُ النَّفَس ۔ سانس کی تنگی (بیماری ہے) ف پر زَبر ہے ۔

طاغی ۔ سرکش ۔ حد سے گزر جانے والا ۔

طِبابَت ۔ (طِ میں زیر) علاج کرنے کا پیشہ

طرح (ر پر جزم اور زبر دونوں صحیح ہیں)

طُمانِیَت (طُمانِیْنَت رائج ہے) اطمینان

طَوف ۔ طواف کرنا ۔ چکّر لگانا ۔ ملاقات کرنا

طُولُ عُمُرہٗ (اصل میں طُوِّلَ عُمُرُہٗ ۔ یا اطال اللہ عُمُرہٗ تھا)

طویلہ (عربی میں یائے معروف ہے ۔ اردو میں یائے مجہول بولتے ہیں ۔ گھوڑوں کا تھان ۔

ظالِم ـ سختی یا ناانصافی کرنے والا ۔ اردو میں شوخ کے لیے بھی بولتے ہیں ۔

ظُلام ـ ظلمت کی جمع

ظَلام ـ اندھیرا

ظَلوم ـ نہایت ظالم

عافِیَت ـ (ی پر تشدید نہیں) ۔ آرام

عاقبت اندیش (بعض لوگ ناعاقبت اندیش بولتے ہیں)

عام (عربی میں سال ۔ برس) ۔ عربی میں سب تمام کے لیے بھی ہے ۔

عَبقَری (عربی) ۔ بہ نفیس چیز

عُبَید ۔ (عبد کی تصغیر) چھوٹا غلام

عَبید ۔ بہت سے غلام

عَبیر ۔ ایک خوشبو ۔ بعض کا خیال ہے کہ یہ لفظ ہندی أبیر ہے

عِجز ۔ انکساری ۔ اردو میں عموماً ع میں زیر بولتے ہیں ۔

عَجلت ۔ جلدی ۔ اردو میں ع پر پیش بولتے ہیں

اُعجوبہ ۔ اصل میں اُعجوبہ ہے ۔ اب بغیر الف کے بولتے ہیں ۔

عَجُوز ۔ بوڑھی عورت ۔ عجوزہ صحیح نہیں ۔ لیکن لوگ بولتے ہیں

عَدَن ۔ بہشت کے باغ جس میں ہمیشہ رہیں گے ۔

عَدَن ۔ حدودِ یمن میں ایک بندرگاہ

عَرض ۔ چوڑائی ۔ التجا ۔ درخواست (ر پر جزم)

عَرَض ۔ (ر پر زبر) وہ چیز جس کا وجود دوسری چیز کے بغیر نہ ہو ۔ جیسے رنگ جو کپڑے کے بغیر ظاہر نہ ہو ۔

عُرضہ ۔ نشانہ

عَرَفات ۔ حج کا مقام

عَرَفہ ۔ ذی الحجہ کی نویں تاریخ

عَرَق ۔ نچوڑ ۔ پسینا

عِرق النِّسَاَ ۔ وہ درد جو پٹھوں سے ٹخنوں تک ہوتا ہے (عِرق بمعنی رگ)

عُرُوج ۔ ترقی

عَرُوس ۔ دُلھن (دولھا کے لیے بھی)

عَرُوض ۔ نظم کے قواعد کا علم

عُرُوق ۔ (عَرَق کی جمع)

عِزّ (ع میں زیر) عزّت ۔ شرف

عَزا ۔ ماتم

عَزل ۔ ہٹانا ۔ برطرف کرنا

عَزَّ وَجَلَّ (غالب اور بزرگ ہُوا) اللہ تعالیٰ کے لیے بولتے ہیں

عزیز ۔ غالب ۔ پیارا (جمع اَعِزّہ

عَشَرَہ مُبشَّرہ ۔ وہ دس صحابی جن کے جنّتی ہونے کی بشارت حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی تھی ۔

دس یار بہشتی اند قطعی ابوبکر و عمر و علی و عثمان

سعد است و سعید و بو عبیدہ طلحہ است و زبیر و عبد رحمٰن

عَش عَش کرنا ۔ خوشی اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے ۔ لیکن اَش اَش صحیح ہے ۔

عُشر عَشیر ۔ دسویں کا دسواں حصّہ ۔ یعنی بہت تھوڑا

عَصارہ ۔ نچوڑ

عِصمَت ۔ پاک دامنی

عُضُو ۔ بدن کا جوڑ (اعضا جمع ہے)

عُطارِد ۔ سیّارہ (دبیرِ فلک کہتے ہیں)

عِطر ۔ پھولوں سے کشید کی گئی خوشبو

عَطَش ۔ پیاس

عُطُوفَت ۔ مہربانی

عِظام ۔ (عظیم کی جمع) ۔

عُفُونت ۔ بدبو

عُفِیَ عَنہُ ۔ خدا اُسے معاف کرے

عَقب ۔ پیچھے

عَقد ۔ گرہ

عِقد ۔ لڑی، ہار

عُقوبت ۔ سزا ۔ عذاب

عُقول ۔ (عقل کی جمع)

عُقولِ عشرہ ۔ وہ دس فرشتے جنھوں نے (بعض حکماء کے نزدیک) خدا کے حکم سے دنیا کو پیدا کیا

عُلا ۔ بلندی

عَلاقہ ۔ تعلّق

عِمامہ ۔ (پگڑی) ۔ لوگ عُمّامہ بولتے ہیں

عَمرو ۔ حضرت عمر فاروق رضی سے امتیاز کرنے کے لیے واو کا اضافہ کیا ہے ۔

عَمْرُوْ لکھتے ہیں لیکن عَمْر پڑھتے ہیں ۔۔ اُردو میں عَمْرو (ع پر زبر) بولتے ہیں ۔

عَمود ۔ ستون ۔

عَنْقا ۔ ایک فرضی پرندہ جس کی لمبی گردن ہوگی ۔

عُود ۔ ایک خوشبودار لکڑی

عَود ۔ لوٹنا ۔

عِیال ۔ (عائلہ کی جمع) بال بچّے

عیدُالاَضحیٰ ۔ قربانی کی عید ۔ عید الضحیٰ غلط ہے

غَپ (گپ) ۔ gossip ۔

غدر ۔ (دال پر جزم ۔ لیکن عموماً دال پر زبر بولتے ہیں ۔ جیسے صدر پر زبر بولتے ہیں)

غِرّا ۔ روشن

غِرور ۔ دھوکے باز، دنیا، شیطان

غُرور ۔ دھوکا دینا (وغیرہ)

غِرّہ ۔ غُرور

غُرّہ (غُرّا) ۔ ہر چیز کا اوّل ۔ اور بھی کئی معنی ہیں)

غَریزی ۔ طبعی ۔ اصلی (حرارتِ غریزی ۔ طبعی طور پر جسم کی گرمی)

غَزوہ ۔ وہ جنگ جس میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلّم نے خود شرکت فرمائی ۔ (سَرِیّہ وہ جنگ جس میں حضور انور صلّی اللہ علیہ نے شرکت نہیں فرمائی)

غُصّہ ۔ وہ رنج جس سے گلا گُھٹ جائے ۔ پریشانی ۔ صدمہ (اصل میں گلوگرفتگی) ①

---

① یزید کے بیٹے حسین کو گلوگرفتگی کی وجہ سے غصۃ الغصّہ کہتے تھے ۔

غَلَط (لام پر زبر) ۔ بعض لوگ لام پر جزم دیتے ہیں وہ غلط ہے۔ (غالب نے غلطیہائے مضامین بنا دیا)

غِلظَت ۔ گاڑھا پن (غ میں زیر)

غُلَّک ۔ (بعض لوگ گُلَّک بولتے ہیں) وہ برتن جس میں آمدنی ڈالتے جاتے ہیں۔

غَلِیظ (عربی میں گاڑھا۔ سخت) اردو میں ناپاک

غُور ۔ غزنیں کے قریب شہر۔ لوگ غَور بولتے ہیں وہ صحیح نہیں۔

غَول (واو مجہول) ۔ جھنڈ۔ جماعت

غُول (واو معروف) بھوت۔ اُمِّ غیلاں۔ بھوتوں کی ماں۔ ببول کے درخت کو کہتے ہیں۔

غِیاب ۔ (غ میں زیر) ۔ غائب ہونا۔ عاجز ہونا۔

غَیبَت ۔ غیر موجودگی

غِیبَت ۔ کسی کی غیر موجودگی میں اُس کے متعلّق ایسی بات کہی جائے جو اُس کی موجودگی میں وہ اُسے ناپسند ہو۔

غَیُور ۔ (غ پر زبر) بہت غیرت والا

فاتحہ ۔ سورہ فاتحہ ۔ قرآن پاک میں سے کچھ پڑھ کر ایصالِ ثواب کرنا

ابھی مزار پہ احباب فاتحہ پڑھ لیں پھر اس قدر بھی ہمارا نشاں رہے نہ رہے (امیر)

بتائیں ہم تمھیں مرنے کے بعد کیا ہوگا؟
پلاؤ کھائیں گے احباب، فاتحہ ہوگا۔ (اکبر)

کیا قبر ناتواں کی ترے بے نمود ہے ۔ افسوس فاتحہ ہے نہ جس کی درود ہے۔ (داغ)

فاحش ۔ بہت بُرا

فاران ۔ مکّہ معظمہ کا ایک پہاڑ

فاش ۔ ظاہر، کھُلا

فاضِل ۔ زائد ۔ فضیلت والا

فبِہا ۔ (ب پر تشدید نہیں)۔ بس ٹھیک ہے

فتح ۔ کھولنا کئی معنی ہیں۔ یوم الفتح

شکست و فتح مقدّر سے ہے ولے اے میر

مقابلہ تو دلِ ناتواں نے خوب کیا

فِتنہ ۔ جھگڑا ۔ آزمائش۔ ایک قسم کا عِطر۔ ایک پھول

فتیلہ (فلیتہ بولتے ہیں جو غلط ہے)۔

فُتُوح ۔ فتح کی جمع، بالائی آمدنی

فَتوحی ۔ بغیر آستین کی صدری

فَجور ۔ بدکار

فُجور ۔ بدکاری۔ گناہ

فِرار ۔ بھاگنا (عموماً فَ پر زبر بولتے ہیں)

فِراست ۔ (ف میں زیر)

فِراغ ۔ (ف میں زیر)

فِراق ۔ (ف میں زیر)

فِراواں ۔ (ف میں زیر ۔ عموماً زبر بولتے ہیں)

فربِہ ۔ (ب میں زیر) موٹا

فِرشتہ ۔ (عموماً فَ پر زبر بولتے ہیں)

فِروتنی (عموماً فَ پر زبر بولتے ہیں)

فُزوں (عموماً ف پر پیش بولتے ہیں)

فِشار ۔ فِشُردہ (دونوں میں فَ مکسور ہے)

فَضا ۔ (فَ پر زبر ۔ کھُلے میدان کے معنی میں)

فَطِین ۔ ذہین

فِقہٗ ۔ (قٖ، ا اور ہ پر جزم ہے ۔ لیکن عموماً قَ پر زبر بولتے ہیں)

فُکاہت ۔ (ف پر پیش ۔ جمع فُکاہات یعنی دل لگی کی باتیں)

فِی زَمانِنا (آج کل فی زمانہ بولتے ہیں جو صحیح نہیں) ۔

تم کو نہیں ہے عُجب ، تعجب ہے شیفتہ

ہے فی زمانِنا یہ سرشتِ کرام میں

فِی نکالنا ۔ عیب نکالنا

قَابَ قوسَین (سورۃ والنجم) دو کمانوں کا فاصلہ ۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے اتنے قریب پہنچے کہ دو کمانوں کا فاصلہ (بلکہ اس سے بھی کم) رہ گیا ہے ۔

قانون ۔ ہر چیز کی اصل ۔ ہر چیز کے اندازہ کرنے کا آلہ CANON LAW

خبر دار حکمت کے مضمون سے

غرض جو پڑھا اُس نے قانون سے (میر حسن)

قائد ۔ اسی سے guide بنا ہے

قَبول ۔ (قُ پر پیش بولنے لگے ہیں)

قَدر ۔ بڑائی ، عزت

قَدَر ۔ قسمت ۔ مقدار

قَدَر انداز ۔ ٹھیک نشانے پر تیر لگانے والا

قَدغن ۔ اہتمام ۔ تاکید ۔ اب روک ٹوک

قِراءت (بروزن کتابت) ۔ پڑھنا ۔ قرآن پاک کو صحیح اصول کے مطابق پڑھنا

قَراوُل ۔ فوج کے سپاہی جو دشمن کی خبر لانے کے لیے آگے جاتے ہیں، بندوق کا شکاری

قَرَنفُل (کَرَن پھول سے معرّب) لونگ

قَریب ۔ نزدیک (قریب قریب کے معنی میں قریباً صحیح نہیں ہے)

قِسمت ۔ حصّہ ۔ نصیب

قسمت کیا ہر ایک کو قسّام ازل نے
جو شخص کہ جس چیز کے قابل نظر آیا

قصّابہ ۔ قصّاب کا پیشہ ۔ قصّاب کی بیوی

قَصابَہ ۔ عورتوں کا سر پر باندھنے کا رومال

قِصَص ۔ قصّہ کی جمع

قَصَص ۔ قصّہ بیان کرنا

قَضا ۔ (۱) حکم کرنا (۲) ادا کرنا (۳) خدائی حکم (۴) موت

قُطّاعُ الطریق ۔ راہ زن ۔

قَطّامہ ۔ فاحشہ عورت

قِطعہ ۔ (۱) ٹکڑا (۲) نظم کی ایک قسم (۳) زمین کا حصّہ

قَفا ۔ (۱) گُدّی (۲) پیٹھ کے پیچھے

قُفلی ۔ برف سے جما ہُوا دودھ (عموماً قُلفی کہا جاتا ہے)

قَلع قَمع ۔ توڑ پھوڑ

قَلعہ ۔ حکمراں کے رہنے کی مضبوط و محفوظ عمارت

قَلَق ۔ رنج

قِمار ۔ جُوا

قُماش (عموماً ق میں زیر بولتے ہیں)۔ وضع ۔ طریقہ

قَناعت ۔ (ق پر زبر)

قِندیل (ق میں زیر)

قَوّال ۔ بہت بولنے والا ۔ بڑا گویّا

قُویٰ (قوّت کی جمع)

قُوتِ لایَمُوت ۔ اتنی کم خوراک جس سے زندہ رہ سکیں

قہرمان ۔ زبردست ۔ غالب

قِیام ۔ ٹھہراؤ ۔ نماز کے لیے کھڑا ہونا

قِیامت (۱) کھڑا ہونا (۲) حساب کتاب کا دن (۳) مصیبت، آفت

قَیلُولہ ۔ کھانے کے بعد دوپہر کو تھوڑی دیر کے لیے سونا

قَیِّم ۔ قائم رکھنے والا

قَیُّوم قائم رہنے والا

کاش ۔ کاشکے (دونوں صحیح)۔ کیا اچھّا ہوتا ۔

کافِر (ف میں زیر ۔ لیکن اردو میں ف پر زبر بھی استعمال ہوتا ہے)

کافر کھلا (غالب)

کت خدائی (دراصل کدخدائی ہے) - گھر والا ہونا - شادی

کِتمان (ک میں زیر) - چھپانا

کُرتہ (قرطق معرب ہے)

کَردار (ک پر زبر - عموماً زیر بولتے ہیں) - گفتار کے ساتھ استعمال ہوتا ہے -

کُرہ - (کرّہ غلط ہے) گول چیز

کَسر - شکستگی - ٹکڑا - زیر جو حرف کے نیچے ہوتا ہے - علم حساب میں اکائی کا حصّہ -

کَسَر - کمی - اتنی ہی تو بس کسر ہے تم میں
کہنا نہیں مانتے کسی کا (داغ)

کَسمَسانا - قابو سے نکلنے کی کوشش کرنا - گھبرا جانا
حلقۂ آغوش ہے یہ حلقۂ گیسو نہیں
کسمسا کر ہو نہ جائے گی رہائی آپ کی (داغ)

کِسوَت - لباس (اسی کو اردو میں کسبَت بنالیا ہے - یعنی نائی کے اوزار کا تھیلا)

کُسُوف - سورج گرہن (خسوف - چاند گرہن) - سورج گرہن، چاند کی ۲۸ تاریخ کو ہوتا ہے اور چاند گرہن چودھویں رات کو ہوتا ہے -

کَشکول (کجکول)

کَفاف - روزی جو کافی ہو

کَفالت (ک پر زبر) - ذمّہ داری -

کِفایت (ک میں زیر) - کافی ہونا

کِلاب (کَلب کی جمع) کُتّے

کِمیّت (کَم سے بنا ہے) مقدار۔ تعداد (کِتنی)

کُمَیت۔ سیاہی مائل سُرخ رنگ کا گھوڑا

ع کُمَیتِ مرا پائے ہم لنگ نیست

کُن فکاں ۔ ہو جا، پَس ہو گیا

کُن فیکون ۔ ہو جا، پس ہو جاتا ہے } اللہ تعالیٰ کی یہی شان ہے

کُوشک ۔ محل (یہ ترکی زبان کا لفظ ہے جس میں واو کو پیش کے بجائے لکھتے ہیں۔ توزک، توشک وغیرہ بھی اسی قبیل کے ہیں)

کہ (حرف بیانیہ) اور تاکہ غالباً عربی سے لیا گیا ہے۔ سورۃ طٰہٰ کی آیت ۳۳ میں ہے:۔ کَیْ نُسَبِّحَکَ کَثِیْراً ۔ اور آیت ۴۰ میں ہے:۔ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُھَا ۔۔۔۔

کہ گِل (کاہ + گِل) گھاس اور مٹّی ملا کر پوتتے ہیں۔ اسی طرح سِجّیل (سنگ + گِل کا معرّب) یعنی پتھر اور مٹّی کی آمیزش سے اب سڑک بناتے ہیں۔

کھاری۔ نمکین۔ (کھارا صحیح نہیں)

کُھولت۔ ادھیڑ عُمر

کیفرِ کردار (کیے کی سزا)

کیں۔ کینہ (فارسی) عداوت

کیوں کہ ۔ (دہلی میں)۔ کیوں کہ اُمیدِ وفا سے ہو تسلّی دل کو (مومن)

کیوں کر ۔ (لکھنؤ میں) شکر ہے یہ کہ وہ وعدوں سے پشیماں ہوگا

گات ۔ عورت کا سینہ

ہوں گے حورانِ بہشتی کے پرانے انداز
آپ کی بات نئی، گھات نئی، گات نئی (داغ)

گرم ۔ مشغول ۔

آہ کہنا وہ ترا، پاکے مجھے گرمِ نظر
ایسی باتوں سے نہ ہو جاؤں میں بدنام کہیں (حسرت)

گُل ۔ (۱) پھول (۲) گلاب کا پھول (اور بھی کئی معنی)
اگر صرف گُل (بغیر اضافت) ہو تو گلاب کے معنی ہوتے ہیں۔

گُل بُن ۔ پھلواری

گُل خَن (گُل + خانہ) ۔ انگیٹھی

گِل خَن ۔ (گِل + خانہ) کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ

گُلِ سرِ سَبَد ۔ وہ پھول جو پھولوں کی ٹوکری میں سب سے اوپر رکھا جائے۔

گُل چَھرّے ۔ عیش ۔

یہی دولت کے مزے ہیں کہ اُڑیں گُل چَھرّے
ہاتھ آتے ہی جو اُڑ جائے وہ مال اچھا ہے (داغ)

گنگ و جمن ۔ (گنگا جمنا)
مسلمانوں نے گنگا کو جیحون اور دریائے سندھ کو سیحون کہنا شروع کر دیا تھا (یہ دونوں نام ان کے دریاؤں کے تھے)

گُواہ (فارسی) ۔ شہادت دینے والا ۔ اردو میں گ پر زبر رائج ہے ۔

گہما گہمی ۔ چہل پہل ۔ (گھما گھمی لکھنا غلط ہے)

گیرائی ۔ پکڑ ۔ گرفتگی

لا ۔ تہ (اور بھی کئی معنی ہیں)

لَآلی (لُؤ لُؤ کی جمع)

لَااُبالی (= میں پروا نہیں کرتا) ۔ بے فکر ۔ بے پروا

لَابُدّ ۔ (لا = نہیں، بُدّ = چارہ) جس کے بغیر چارہ نہیں ۔ لازمی یقینی

لَاجَرَم (لا = نہیں، جَرَم = چارہ) یقیناً ۔ بے شک

لَاحَولَ وَلَاقُوَّۃَ اِلّابِاللّٰہ = کوئی غلبہ اور کوئی قوت نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے

لَاشعُور ۔ تحلیلِ نفسی کے نظریے کے مطابق نفس کا وہ حصہ جو شعور کی حد سے باہر ہے ۔

لَاطائِل ۔ بے فائدہ

لاحِق (ح میں زیر) مِلا ہُوا ۔ لگا ہُوا

لاش ۔ مُردہ جسم (غیر انسانی) ۔ نعش (انسانی مُردہ جسم) ۔ لیکن اب انسانی مُردہ جسم کو بھی لاش کہنے لگے ہیں ۔

لاغَر (ف) ۔ لاغِر صحیح نہیں

لاگ (۱) تعلّق (۲) عداوت

لاہور شہر ۔ کہا جاتا ہے کہ رام چندر کے بیٹے لاہو نے بسایا تھا ۔

لائِم ۔ ملامت کرنے والا (لَومَۃ ۔ لَومہ یعنی تردید

لَدُنّی ۔ (لَدُن معنی پاس ۔ نزدیک) وہ علم جو اللہ تعالیٰ کے پاس سے بغیر کوشش کے ملتا ہے ۔

لَعُوق ۔ چاٹنے کی لیس دار چیز ۔ دوا

لَقا ۔ (ل پر زَبَر) چہرہ ۔ بعض نے زِیر بھی لکھا ہے ۔

لِقا (ل میں زیر) ملاقات

لَقّات ۔ بہت دُبلا

لُقطہ ۔ گری پڑی چیز

لَقوہ ۔ بیماری جس سے مُنہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے

لُقّہ ۔ بدمعاش ۔ لُچّا

لُکّہ ۔ بادل کا ٹکڑا

لکھوکھا ۔ صحیح نہیں ۔ (لک سے لکوک ۔ اور جمع الجمع سو کھا ہو سکتا ہے)

لگّا، لگاوٹ، لگانا، لگنا سے تعلق کے بکثرت الفاظ اردو میں رائج ہیں جو اس مادّہ کی مقبولیت کی دلیل ہیں

لَوحَشَ اللہ ۔ دراصل لَا اَوْحَشَ اللہ ہے ۔ یعنی اللہ وحشت نہ دے ۔

لَولاک ۔ دراصل لَولاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاِنسان ۔ حضورِ انور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی شان میں یہ فقرہ ہے ۔ (اگر آپ نہ ہوتے تو میں انسان کو پیدا نہ کرتا)

لَوم، لُومَہ ۔ یعنی الزام ۔ ملامت

لہُو پانی ہونا — سخت مصیبت آنا ۔

نہیں معلوم کس کس کا لہُو پانی ہُوا ہوگا
قیامت ہے سرشک آلود ہونا تیری مژگاں کا (غالب)

لیلیٰ ۔ اصل لفظ لیلا ہے ۔ (لیل، رات) ۔ مجنوں کی محبوبہ سیاہ تھی اس لیے اس کا نام لیلا ہُوا ۔ لیلیٰ، لیلی بھی بولتے ہیں ۔

مابہ الْاِمتیاز ۔ وہ جس سے امتیاز ہو سکے یا دو چیزوں میں جس سے

فرق کر سکیں۔

مَاحَضَر ۔ جو کچھ موجود ہو

مَازَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی (حضور انور صلی اللہ علیہ وسلّم کی آنکھ نہ بھٹکی اور نہ حد سے بڑھی۔ (شبِ معراج میں)

مَاشاءَاللہ ۔ جو اللہ چاہے۔ (شا کے بعد ہمزہ ضروری ہے)

مالایُطاق ۔ جو کام کسی کی طاقت سے باہر ہو۔

مالاینحَلُّ ۔ جو حل نہ ہو سکے۔ (ل پر جزم)

مَالَہٗ وَمَاعَلَیہ ۔ جو اچھا ہو اور جو بُرا ہو۔ اچھائی بُرائی

ماوَجَبَ ۔ جو کچھ واجب ہو

ماوَرا ۔ جو کچھ اس کے سوا ہے

مایُحتاج ۔ جس چیز کی ضرورت پڑے

مَآثِر ۔ مَاثرہ کی جمع ۔ (اچھی) یادگار

ماثُورہ ۔ جو چیز حدیث سے ثابت ہو

مادہ ۔ (دال غیر مشدّد) ۔ عورت

تہذیبِ مغربی کی نہ ڈاڑھی ہے اور نہ موُنچھ ــــ
صورت بتا رہی ہے کہ نر ہوں نہ مادہ ہوں (ظفر علیخاں)

مادّہ (دال مشدّد) ۔ (۱) اصل (۲) وہ چیز جس سے دوسری چیز بنائی جائے (۳) استعداد (۴) وجود

ماسِکہ ۔ وہ قوت جو غذا کو معدے میں ہضم کے لیے روکتی ہے۔

مُبادَرت ۔ جلدی ۔ بہادری

مُبتَذَل ۔ برتی ہوئی چیز ۔ حقیر ۔ (ذال پر زبر)

مُبتَلا ۔ پکڑا ہُوا ۔ آزمائش میں ڈالا ہُوا ۔ (ت پر زبر)

مَبدَأ ۔ شروع ہونے کی جگہ

مُبرَم ۔ مضبوط ۔ اَٹل

مُبرہَن ۔ (بروزنِ مُسلسَل) واضح

مَبلَغ ۔ کُل ۔ تمام ۔ روپیوں کی تعداد کے لیے بولتے ہیں

مَبلَغ ۔ پہنچنے کی جگہ ۔ مقام

مُتَبایِن ۔ جدا ۔ مختلف

مُتَبحِّر ۔ (علم کا بڑا دریا)

مُتَبرَّک ۔ پاک ۔ برکت والا

مُتَخلِّص ۔ تخلّص رکھنے والا

مُتَداوَل ۔ ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں پہنچنے والی چیز ۔ رائج الوقت ۔

مُتَدَیِّن ۔ دین دار ۔ امانت دار

مُتَرتِّب ۔ ترتیب دینے والا

مُتَرتَّب ۔ ترتیب دیا ہُوا

مُتَرجِم ۔ ترجمہ کرنے والا ۔ (ج میں زیر)

مُتَرجَم ۔ ترجمہ کیا ہُوا ۔ (ج پر زبر)

مُتَرصِّد ۔ امید رکھنے والا

فقیر بھی مُترصِّد نگاہِ لطف کا ہے
اِدھر بھی رِند مرا شہریار دیکھ چلے

مُتَزلزَل (دونوں زا پر زبر)

مُتَشاعِر ۔ جو خود کو شاعر ظاہر کرے

مُتشکّر ـ شکر ادا کرنے والا

مُتصَدِّع ـ دردِ سر کرنے والا ـ تکلیف دینے والا

مُتصدّی ـ مُحرّر ـ مُنشی

مُتعارِض ـ ایک دوسرے کے خلاف

مُتعدِّد ـ گِنے ہوئے ۔

مُتعلِّق ـ تعلّق رکھنے والا (لؔ میں زیر)

مُتعلَّق ـ جس سے تعلّق رکھا گیا ہو (لؔ میں زبر)

مُتّفق علیہ ـ جس بات پر اتفاق کیا گیا ہو

مُتلاشی ـ تلاش کرنے والا ۔ لیکن تلاش تُرکی لفظ ہے ۔ برخلافِ قاعدہ، اسمِ فاعل اردو میں رائج ہو گیا ہے

مُتنازعہ فیہ ـ جس بات پر جھگڑا ہو ۔

مُتنافِض ـ نقص والا ۔ ناتمام

مُتناقِض ـ مخالف ۔ برعکس

مُتنفّس ـ سانس لینے والا ۔ یعنی انسان ۔ متوفّٰی ۔ (ف پر الف)

مُتوقِّع ـ توقع رکھنے والا

مُتوقَّع ـ جس کی توقع کی جائے

مُثبَت ـ ثبت کیا ہُوا ۔ لکھا ہُوا ۔ (جو منفی نہ ہو)

مُجمل ـ مختصر ۔ خلاصہ

مُحافہ ـ ڈولی، پالکی

مُحاکات ـ باہم حکایت کرنا، کسی چیز یا حالت کی نقل اُتارنا ۔

مَحبّت ـ (م پر زبر)

مُحَدَّب ۔ اُبھرا ہُوا۔ مُحَدَّب شیشہ جس سے چیز بڑی دکھائی دے

مُحْدِث ۔ نئی بات نکالنے والا (ح پر جزم)

مُحَدِّث ۔ علمِ حدیث جاننے والا (ح پر زَبَر)

مَحْرَم ۔ جاننے والا۔ وہ مرد جس سے عورت کی شادی ناجائز ہوئے انگیا

مُحْرِم ۔ احرام پہننے والا (حج میں)

مِحَک ۔ کسوٹی

مَحَلِّ نظر ۔ اعتراض کی جگہ، فکر و تامّل کا مقام

مَحَلَّہ ۔ لوگوں کی منزل ۔ مقام

مِحْنَت ۔ تکلیف (جمع ۔ مِحَن)

مَخْمَصَہ ۔ شدّت کی بھوک اور اس بھوک سے جلن۔ (اردو میں جھگڑا۔ الجھن)

مُدَّ ظِلُّہٗ ۔ اُس کا سایہ دراز ہو (اردو میں مدّ ظلہ لکھتے ہیں)

مُدارا (مدارات کا مُخفّف) خاطرداری۔ نرمی کا برتاؤ۔

مَدْرَسہ (اردو میں مَدَرْسہ بولتے ہیں جو صحیح نہیں)

مُدَّعا۔ مقصد۔ مراد ۔ کیا کہوں تم سے مُدَّعا کیا ہے
کاش میں خود بھی جانتا کیا ہے (حسرت موہانی)

مِرْآۃ ــــ شیشہ، آئینہ

مُرَبِّی ۔ پالنے والا
مُرَبَّا ۔ پالا ہُوا
ع مُرَبّی بیار و مُرَبّا بخور

مُرْتَسَم ۔ نشان یا مُہر لگا ہُوا

مَرج ۔ پریشانی (ہرج مرج کھینچنا)

مَرحبا ۔ شاباش ۔ عرب کے لوگ مہمان کے لیے اہلاً سہلاً مرحبا بولتے ہیں

اہلاً ۔ گھر کے آدمی کی طرح

سہلاً ۔ سہولت کے ساتھ

مرحبا ۔ فراخی (تیرے لیے)

مَرُور ۔ گزرنا ۔ (جیسے مَرورِ زمانہ)

مُزد ۔ اُجرت

مُزدَور ۔ مزدوری کرنے والا (اردو میں م پر زبر کر دیا گیا)
(فارسی میں مُخفّف مُزور بھی بولتے ہیں)

مَسالا ۔ (مصالح، مصالحہ سے بن گیا ہے) (۱) سامان (۲) نمک وغیرہ سالن میں (۳) گوٹا کناری

مُساوی ۔ (م پر پیش) ۔ برابر

مُستاصَل ۔ جڑ سے اُکھڑا ہُوا

مُستاصِل ۔ جڑ سے اُکھیڑنے والا ۔

مُستبعَد ۔ دور ۔ بعید از قیاس

مُستحسَن ۔ پسندیدہ

مُستمِر ۔ ہمیشہ رہنے والا

مُستوفِی ۔ پورا لینے والا ۔ وہ محاسب جو ماتحتوں کا حساب جانچتا ہے ۔

مَسرّت ۔ خوشی

مَسقط ۔ گرنے کی جگہ ۔ جائے پیدائش

مُسلمان ۔ بعض کا خیال ہے کہ مُسلم مان (مانند) کا مرکّب ہے۔
فارسی والے استعمال کرتے تھے ۔

ع اے مسلمانان فغاں از دَورِ چرخِ چنبری (انوری)

مَسوَدَّہ ۔ کسی تحریر کی اصل ۔ لیکن مَسَوَّدہ بولا جاتا ہے ۔

مَسْئلہ ۔ پوچھنے کی بات ۔ اب اس لفظ کو عجیب عجیب طریقے سے لکھتے ہیں ۔

مُشابِہ ۔ مانند

مُشاعَرَہ (ع پر زبر) شعر و شاعری کا جلسہ

مُشتہِی ۔ اشتہا پیدا کرنے والا

مَشْرِقَینْ مَغْرِبَینْ ۔ دو مشرق دو مغرب (جب مشرق میں دن ہوتا ہے تو مغرب میں رات ہوتی ہے اور جب مغرب میں دن ہوتا ہے تو مشرق میں رات ہوتی ہے)

مُشْفِقْ ۔ مہربان ، (ڈرانے والا اور ڈرنے والا بھی)

مَشْکُوْر ۔ جس کا شکر ادا کیا جائے ۔

مَصْلَحَت ۔ (ل پر زبر)

مطبوع ۔ پسندیدہ چیز ۔

دنیا بھی ہیچ اور غمِ دنیا بھی ہیچ ہے
مطبوعِ دل تو یہ سخنِ مختصر ہوا (شاہ ابوالخیر دہلوی)

مُعْجَم ۔ نقطے والا

مَعْدَلَت ۔ (دال پر زبر) انصاف

معدول ۔ وہ واو جو لکھنے میں آئے ۔ پڑھنے میں نہ آئے ۔ جیسے

خود ۔ خوش ۔

معرکۃ الآرا ۔ معرکۂ آرا (رائے راؤں کا محلِ اختلاف)

معنیٰ ۔ مراد ۔ مطلب ۔ (اردو میں بطور جمع استعمال ہوتا ہے جیسے اس کے کیا معنی ہیں)

مُغیلاں (اُمّ مغیلاں ۔ وہم تھا کہ اس درخت میں بھوت رہتے ہیں ۔ بھوتوں کی ماں) ۔ ببول

مَفاتیح ۔ مِفتاح کی جمع

مُفَصَّل ۔ تفصیل سے بیان کیا ہُوا

مَفْصَل ۔ بدن کا جوڑ (جمع مفاصل)

مُفِیض ۔ فیض پہنچانے والا

مُقام ۔ م پر پیش اور زبر دونوں صحیح ہیں ۔

مقامِ ابراہیم ۔ ابراہیم علیہ السلام نے خانۂ کعبہ کی تعمیر کے وقت جس پتھر پر قدم مبارک رکھے تھے

مقامِ محمود ۔ حضورِ انور صلّی اللہ علیہ وسلّم کا مرتبۂ شفاعت ۔ وہ مقام بھی جہاں حضورِ انور صلّی اللہ علیہ وسلّم معراج کی رات پہنچے تھے ۔

مُقتَبَس ۔ اقتباس کیا گیا ۔

مُقتَبِس ۔ اقتباس کرنے والا ۔ فائدہ اٹھانے والا

مَقدَم ۔ قدم رکھنے کی جگہ ۔ تشریف آوری

مُقَدَّمہ ۔ دعویٰ ۔ نالش

مُقَدِّمہ ۔ آغاز ۔ ابتدا ، واقعہ

مقلوب ۔ پلٹا گیا ۔ مقلوبِ مُستوی : (الفاظ کا سلسلے وار پلٹا جانا)

رامشِ مرد گنج باری و قوت توقوی را جنگ در مشمار

اسی طرح :۔ شکر بترازوے وزارت برکش

مُقنّع ۔ نقاب ۔ پردہ ڈالنے کا کپڑا

مُقیّش ۔ (عربی طریقے سے مُرکّب کے وزن پر) بنایا گیا ہے یا بالکل اردو ہے ۔
سونے چاندی کے تار کا بنا ہُوا کپڑا ۔

مُکاتبت ۔ (۱) باہمی خط و کتابت

مَکائد ۔ (مکیدہ کی جمع) فریب

مُکرّر ۔ بار بار ۔ لیکن سہ کرّر غلط ترکیب ہے ۔

مُکلَّف ۔ پابند کیا گیا ۔ تکلیف دیا گیا ۔ آراستہ

مُکلِّف ۔ تکلیف دینے والا ۔ دعوت دینے والا

مُلازمت ۔ کسی کے پاس ہمیشہ رہنا ۔ خدمت

مُلتزَم ۔ لازم پکڑا گیا ۔ کعبہ میں دروازہ اور حجرِ اسود کے درمیان جگہ
جہاں دعائیں قبول ہوتی ہیں ۔

مُلزَم ۔ جس پر الزام لگایا گیا ہو

مُلزِم ۔ الزام لگانے والا

مَلَکَہ ۔ (شروع کے تینوں حروف پر زبر) دسترس

مَلکہ ۔ مہارت

مَلِکہ ۔ بادشاہ کی بیگم

مُلوّث ۔ آلودہ (لوث ۔ آلودگی، ناپاکی)

مَلولا (واو مجہول) ملال

مُمتَحِن ۔ امتحان لینے والا

مُمتَحَن ۔ امتحان دینے والا

مَملکت ۔ (لام پر پیش ۔ زبر ۔ زیر صحیح ہیں) مقامِ سلطنت ۔ بادشاہی

مَناسِک ۔ (مَنسک کی جمع) ۔ حج کے ارکان

مُنافی ۔ نفی کرنے والا

مَناہی (مَنہی کی جمع) ۔ منع کی ہوئی چیزیں

مُنَبَّت کاری (مُنَبَّت یعنی اُبھرا ہُوا) کپڑے وغیرہ پر اُبھرا ہُوا نقش

مَنّت ۔ نذر ۔

مِنّت ۔ احسان

مُنتِج ۔ نتیجہ دینے والا

مُنتَخَب ۔ چُنا ہُوا

مُنتَظَر ۔ جس کا انتظار کیا جائے

مُنتَظِر ۔ انتظار کرنے والا

مُنجَمِد ۔ سردی سے جما ہُوا

مِنجَنیق ۔ ایک آلہ جس سے بڑے بڑے پتّھر پھینک کر دیوار گراتے ہیں۔

مُنحَصِر ۔ انحصار کرنے والا ۔ گھیرنے والا

مُندَرَج ۔ شامل

مُندَرَجہ ۔ درج کیا ہُوا ۔

مُنَزَّل ۔ نازل کیا ہُوا ۔

مَنزِلَت ۔ عزّت ۔ مرتبہ

مُنزوِی۔ زاویہ (گوشہ) میں بیٹھنے والا

مُنشی (دل سے کوئی بات پیدا کرنے والا)۔ مُحرّر۔ کلرک

مُنشی (فارسی لفظ نشہ سے بنا لیا گیا ہے) نشہ کرنے والا۔ نشہ کی چیز

مُنضِج۔ مواد پکانے والی دوا

مَنطِق۔ بات چیت۔ وہ علم جو حق کو حق اور باطل کو باطل کر دے۔

مِنطَقہ۔ کمر کی پٹی۔ زمین کو حصّہ کرنے والا خط

مُنعدِم۔ نیست و نابود

مُنفعِل۔ اثر قبول کرنے والا۔ شرمندہ

مُنقاد۔ مُطیع

مُنقسِم۔ تقسیم ہونے والا۔

مُنقطِع۔ قطع ہونے والا۔

مُنقّیٰ۔ صاف کیا ہوا۔ (مویز منقّیٰ)

مُنکَر نکیر (نَکیرَین) وہ فرشتے جو قبر میں سوال کرتے ہیں۔

مَنگرا۔ بہادر

مردانگی کا پیشہ ہے تکیہ فقیر کا
صحبت میں میری ٹھہرتے جیسے بھی منگرے ہوتے (مرند)

مِنہ۔ بارش

برستا نہیں مِنہ الٰہی کہاں تک
پئیں خون کے گھونٹ میخانے والے (داغ)

مَورِد۔ اُترنے، ٹھہرنے کی جگہ

مُوضِح ـ واضح کرنے والا

مُوَقَّر ـ عزت دیا گیا ۔

مولیٰ کے معنی :- رب، مالک، سردار، مُنعم، آزاد کرنے والا، مدد کرنے والا، مُحِب، تابع، ہم سایہ، چچا کا بیٹا، حلیف، داماد، خُسر، غلام، آزاد کیا ہُوا، اور جس پر احسان کیا جائے ۔

مَوہِبَت ـ بخشش

مَویزِ منقّیٰ ـ صاف کیے ہوئے سوکھے انگور

مَہدِ عُلیا ـ بڑی پردہ دار عورت

مَہدِی ـ ہدایت پایا ہُوا

ناتُواں ـ (ناتَواں بولا جاتا ہے)

ناکَتخُدا (ناکدخُدا) رن بیاہا

ناحِیہ ـ حد، سرحد

ناسِک ـ عبادت کرنے والا

ناموسِ اکبر (۱) قاعدہ ـ بزرگ شریعت (۲) جبریل علیہ السلام کا لقب

نان خطائی ـ خطا (خُتن) سے منسوب ایک میٹھی ٹکیا ۔

نائم ـ سونے والا (نَوم ـ نیند)

نَدامت ـ شرمندگی ۔

نسلاً بعد نسلٍ ـ پشت بہ پشت ـ نَسیاً مَنسیاً ـ بھولا ہُوا

نَشْأْ (نَش ءُ) پیدا کرنا۔ مجازاً دنیا

نَشْأَتَیْن (بروزن کعبتین) دونوں دنیا

نَشْأَۃِ ثانیہ۔ (۱) دنیا کا از سرِ نو پیدا ہونا (۲) سولھویں صدی عیسوی میں یورپ میں علوم و فنون کا از سرِ نو ترقی کا زمانہ۔

نَصّ (۱) پوچھنے میں باریکیاں نکالنا (۲) بلند کرنا (۳) قرآن پاک کی صریح آیات (قطعی حکم)

نُصْرَت ۔ فتح

نِصْفَت ۔ انصاف

نِعْمَت ۔ مہربانی، اِنعام، حمایت (ن پر زبر) عموماً دُنیوی فراغت

نَعِیم ۔ نِعمت۔ انعام کی چیز۔

نَغْز ۔ عمدہ۔ عجیب

نَفْس ۔ جی۔ دل (جمع نُفُوس)

نَفَس ۔ سانس، دم، پھونک (جمع اَنفُس۔ انفاس)

نِقاب ۔ پردہ۔ (منہ پر)

نَقاہت ۔ کمزوری

نَقْض ۔ توڑنا

نَقِیض ۔ توڑنے والا۔ برعکس counter-part

نَکْبَت ۔ ذلت

نِکوئی ۔ بھلائی

نکوئی با بداں کردن چنانست
که بد کردن بجائے نیک مرداں (سعدی)

نَورَتن ۔ اکبر بادشاہ کے نو مشیر۔ فیضی، ابوالفضل، خانِ خاناں،
کوکلتاش، بیربل، مان سنگھ، ٹوڈرمل، حکیم ابوالفتح، حکیم حمام۔

نَوامِیس ۔ (ناموس کی جمع)۔ عصمت، نیک نامی، تدبیر، قاعدہ

نیایش ۔ نہایت عاجزی کے ساتھ دعا۔

نَیّر ۔ نور (روشنی) دینے والا

نَیّرین ۔ دو روشنی ۔ سورج اور چاند

نیو ۔ بُنیاد

واردات (واردہ کی جمع)۔ واقعہ، حادثہ

بیان کیجیے کیا واردات اتنی ہے
وہ بولتے نہیں کچھ مُنہ سے بات اتنی ہے (رند)

واسوخت ۔ محبوب کے ظلم و ستم سے جل کر اُس کی شکایت، عشق کی بُرائی اور آئندہ
محبوب سے بیزاری والے مضامین

واماندہ ۔ باقی رہا ہوا ۔ (بعد کے لوگ)۔ عاجز

واماندوں پہ دیکھیے کہ کیا ہو اپنا تو نباہ کر چلے ہم (حسرت لکھنوی)

وَتیرہ ۔ رکھ رکھاؤ، دستور

وِجدان ۔ جاننے کی قوّت ۔ آگاہی

وَجیہہ ۔ (وجہ بمعنی چہرہ والا)۔ باعزّت ۔ خوبصورت

وَداع ۔ جُدائی

وَرَق (ر پر زبر) کتاب کا ایک کاغذ

ورنہ (و + ار + نہ = اور اگر نہیں تو)

وِساطَت (وٓ ِیں زیر) ۔ درمیان ہونا۔ ذریعہ

وِلایت (وٓ ِیں زیر) (۱) مالک ہونا (۲) حکومت (۳) سرپرستی
(۴) قربِ الٰہی

ولے ۔ ولاکن سے امالہ کرکے ولیکن ہوا۔ پھر ولیک اور ولے بمعنی مگر

ہابیل ۔ حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے جنھیں اُن کے بھائی قابیل نے مار ڈالا تھا۔

To live is able, To die is Cane

ہاتھ لا ۔ داد لینے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

شب تم کہیں رہے تمھیں کچھ کام ہوگیا ۔ لو ہاتھ لاؤ کیوں ہمیں الہام ہوگیا (ناسخ)

تو بھی اے ناصح کسی پر جان دے ۔ ہاتھ لا اُستاد، کیوں کیسی کہی! (داغ)

ہامی بھرنا (ہامیں بھرنا) ہاں کرلینا۔ (حامی بھرنا غلط ہے)

ہَبَنَّق ۔ (ایک احمق شخص تھا)۔ احمق۔ بے وقوف

ہتھکنڈا ۔ چالاکی۔ خستگی کا تم سے کیا شکوہ کہ یہ
ہتھکنڈے ہیں چرخِ نیلی فام کے (غالب)

ہَجوم ۔ (ہا پر زبر) کثرت

ہُجُوم ۔ (حملہ کرنا)

ہَریسہ ۔ گیہوں کا آٹا، گوشت اور دودھ ملاکر ایک کھانا

ہَڑتال ۔ احتجاج کے طور پر کام بند کرنا

حُسن کا عشق کے بازار میں بھی کال ہے آج
بند دُکانیں ہیں معشوقوں کی ہڑتال ہے آج (رند)

ہِفِ نظر ۔ چشم بدور

ہفوات ۔ بیہودہ باتیں

ہَلاک ۔ (ہ پر زَبَر)

ہَلاہِل ۔ (ہلاک کرنے والا)

ہُمایوں (ہُما ایک فرضی پرندہ جو مبارک سمجھا جاتا ہے۔ اُس جیسا)

ہِمَّت کی جمع ہِمَم ۔

ہَم ۔ مصیبت آنے سے پہلے ہوتا ہے جس سے نیند اُچٹ جائے اور غم بعد میں ہوتا ہے ۔

ہندوانہ ۔ تربوز

ہَوا کے سامنے چراغ بجھ جانا ۔ ختم ہو جانا ۔

انیس دَم کا بھروسا نہیں ، ذرا ٹھہرو
چراغ لیکے کہاں سامنے ہَوا کے چلے

ہیاؤ (اصل میں حَیا تھا)

ہَیولی ۔ ہَیولا (ہ پر زَبَر) ہر چیز کا اصل مادّہ

یَثرِب ۔ مدینہ منورہ کا پُرانا نام

یدِ بیضا ۔ روشن ہاتھ ۔ موسیٰ علیہ السلام جب اپنا ہاتھ گریبان میں ڈال کر باہر نکالتے تھے تو اُس سے روشنی نکلتی تھی ۔

یدِ طُولیٰ ۔ دسترس

یُسر ۔ آسانی ۔ آرام

یَسیر ۔ آسان

یعنی ۔ لفظی معنی " وہ مراد لیتا ہے" ۔ "وہ ارادہ رکھتا ہے"

یکّہ تاز ۔ اکیلا ، مقابلہ کرنے والا ، بہادر

یگانہ   بے مثل ۔ اکیلا ۔(یگانہ سے یگانگی صحیح ہے ۔لیکن لوگ
یگانگت بھی بولتے ہیں)

یُمن ۔ برکت

یمین ویسار ۔   دائیں بائیں

ع بپایاں آمد ایں دفتر، حکایت ہمچناں باقی   (سعدیؒ)

صفحہ نمبر ۵۹

احتیاط کے باوجود غلطیاں رہ گئی ہیں۔ تصحیح فرمالیں۔

صفحہ نمبر		
۸۔	بار۔	باری کا مخفف
۹۔	بعثت۔ بعینہٖ۔	دونوں کے ب میں زیر
۱۳۔	جَبہہ۔	(ج پر زبر)
۱۶۔	خُسوف	(خ پر پیش)
۱۷۔	حنا	(ن پر تشدید نہیں)
۲۵۔	سُلوک	(س پر پیش)
۲۸۔	اطال اللہ عُمرَہ	(ر پر زبر)
۲۹۔	ظِلام (ترچھی نظر سے دیکھنا)۔ ظلمت کی جمع ظُلَم	
۳۰۔	عُرُوق۔	عِرق اور عَرق کی جمع
۳۱۔	عُقُوبت۔	(ع پر پیش)
۳۲۔	عَیل کی جمع	
۳۴۔	فَراغ	(ف پر زبر)
۳۹۔	کَی تَقَرَّ عَینُھاَ	
۴۴۔	مُتَرَتِّب۔ ترتیب پانے والا	
۴۸۔	مُشتَہی۔	اشتہا رکھنے والا
۴۹۔	اُمِّ غیلاں۔	مَفصِل (بدن کا جوڑ)
۵۳۔	ناحیہ۔ سرحد۔ گوشہ	
۵۴۔	ن میں زیر یعنی دُنیوی فراغت	
۵۵۔	(وجہ یعنی چہرہ)	
۵۶۔	وَساطت۔ وَلایت	(دونوں کے واو پر زبر)